سالانہ اطلاع برائے اجراء کی اجازت
معلومات برائے میڈیکیڈ بازادائیگی

محکمہ تعلیم کو ان خدمات میں سے چند خدمات فراہم کرنے کی وجہ سے اضافی فنڈ حاصل ہو سکتا ہے جو آپکے بچے کی طرح انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے حامل طلباء کو فراہم کی جاتی ہیں۔ ہمارے اسکول کو اس فنڈ کو حاصل کرنے کے لیے آپ نے پچھلی مرتبہ دستخط کرکے اجازت دی تھی کہ (1) آپ کے بچے کے خاص تعلیم کے ریکارڈز سے اس کی خاص تعلیمی جانچ، پروگرامز، اور فراہم کی جانے والی خدمات سے متعلق ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات ریاستی اور وفاقی میڈیکیڈ پروگرامز کو فراہم کی جا سکے اور (2) ان خدمات کی ادائیگی کے لیے آپکے بچے کے میڈیکیڈ مراعات تک رسائی حاصل کی جاسکے۔ یہ سالانہ اطلاعی خط آپ کی یاد دہانی کے لیے ہے کہ پچھلی بار اس اجازت نامے پر دستخط کرکے آپ نے سمجھا اور اتفاق کیا کہ نیویارک شہر محکمہ تعلیم آپ کے بچے کی عوامی مراعات یا بیمے تک رسائی کر سکتا ہے تاکہ آپ کے بچے کو فراہم کی گئی خاص تعلیمی خدمات کی ادائیگی کی جاسکے۔

ہمارے پبلک اسکولوں کو ہمارے طلباء کو فراہم کی جانے والی اہم معاونتیں فراہم کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ فنڈنگ حاصل کرنے کو یقینی بنانے میں آپکے تعاون کا شکریہ۔

---

**ریاست اور وفاقی میڈیکیڈ پروگراموں کو میرے بچے سے متعلقہ کون سی معلومات فراہم کی جائیں گی؟**

نیویارک شہر محکمہ تعلیم (NYC DOE) آپ کے بچے کی خاص تعلیمی تشخیصات اور مہیا کردہ خدمات کی معلومات فراہم کریگا۔ ان معلومات میں IEP، پیش رفت نوٹس، حاضری ریکارڈز، تشخیصات اور آپکے بچے کی تشخیصات اور مہیا کردہ خدمات کے متعلق دیگر ریکارڈز اور معلومات شامل ہو سکتی ہیں۔

**کیا مجھے اور میرے اہل خانہ کو کوئی رقم ادا کرنی ہوگی؟**

آپ یا آپکے اہلِ خانہ کا کچھ خرچ نہیں ہوگا۔ آپ کو ان خدمات کی فراہمی کے لیے، اخراجات، بیمہ کی قسطیں، قیمت یا کو پیمینٹس کی ادائیگی کی ضرورت نہیں ہو گی۔آپ کے بچے کو اسکول کے اندر یا باہر فراہم کردہ خدمات کسی بھی طرح متاثر نہیں ہوں گی۔ اگر آپ کا خاندان میڈیکیڈ مفادات حاصل کرتا ہے، آپ کی کوریج منسوخ نہیں کی جائے گی، تاحیات موجودہ کوریج میں کمی نہیں ہو گی اور آپ کے اہل خانہ جو خدمات وصول کرتے ہیں میڈیکیڈ مفادات تک رسائی کی وجہ سے ان پر کسی بھی طرح اثر نہیں پڑے گا۔ آپکو آپ کے بچے کی IEP پر درج خدمات وصول کرنے کے لیے میڈیکیڈ میں سائن اپ کرنے یا اندراج کرانے کی ضرورت نہیں ہو گی۔آپ کی صحت سے متعلقہ کُل اخراجات کی بنیاد پر حاصل کی جانے والی گھر اور کمیونٹی بنیاد پر دی جانے والی چھوٹ (waivers) کی اہلیت، اگر کوئی ہیں، کے ختم ہونے کا کوئی خطرہ نہیں ہے۔

**کیا میں نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم کو میرے بچے کی معلومات تک رسائی اور میڈیکیڈ پروگرام کے پاس اخراجات کے دعوے جمع کرنے کی اجازت دینے کے ارادے کو تبدیل کر سکتا ہوں؟**

جی ہاں - آپ اس اجازت کے بارے میں کسی بھی وقت اپنا ارادہ تبدیل کر سکتے ہیں۔ اپنا ارادہ بدلنے کے لیے اپنے اسکول سے رابطہ کریں اور ایک نیا میڈیکیڈ اجازت نامہ لیکر اسے مکمل کریں اگر آپ اجازت نہیں دیتے ہیں یا بعد کی تواریخ میں اپنی اجازت کو واپس لے لیتے ہیں، اس کے باوجود نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم آپ کے بچے کو مفت خاص تعلیم اور خدمات لازماً فراہم کریگا۔